B.Ed/P - VII (B) /April-May- 2015

808

سالانہ امتحان (Annual Exams) بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular اپریل/مئی 2015ء April/May

ساتواں پرچہ (B) : ماحولیاتی تعلیم

Paper - VII (B) : Environmental Education

جملہ نشانات : Maximum. Marks 50 /Time وقت : $1\ ^1/_2$ Hrs گھنٹہ

حصہ A

5 x 6 = 30

نوٹ: (1) مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔

(2) ہر سوال کا جواب ایک صفحہ یا 15 سطور پر مشتمل ہو۔

(3) ہر سوال کے لیے 5 نمبرات مقرر ہیں۔

1. (الف) ماحول، ماحولیات اور ماحولیاتی تعلیم کے تصورات کی وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) ماحولیاتی تعلیم کی ماہیت (Nature) کی وضاحت کیجیے۔

2. (الف) اصطلاح 'آلودگی' کی تعریف بیان کیجیے۔کوئی بھی مادہ کن حالات میں آلودہ کار کہلاتا ہے؟

یا

(ب) نباتات اور حیوانات کے کرۂ ارض سے نابید (Extinct) ہونے کے اسباب بیان کیجیے۔

3. (الف) آبی (تحفظ اور آلودگی پر قابو) ایکٹ 1974 Water (Prevention & Contol of Pollution Act) کے اغراض و مقاصد بیان کیجیے۔

یا

(ب) قابل بقا ترقی (Sustainble Development) کے تصور کی وضاحت کیجیے۔

4. (الف) کسی ماحولیاتی نظام کی غذائی زنجیر میں توانائی کے بہاؤ (Energy Flow) کا عمل کس طرح انجام پاتا ہے؟ مثالوں کی مدد سے واضح کیجیے

یا

(ب) کسی ریگستانی ماحولیاتی نظام کی خصوصیات بیان کیجیے۔

5. (الف) ماحولیاتی کلب (Eco Club) کے تحت کون کون سی سرگرمیاں انجام دی جاسکتی ہیں؟ کوئی تین سرگرمیوں کی تفصیل بیان کیجیے۔

یا

(ب) ماحولیاتی تعلیم کے سلسلے میں درپیش کوئی چار مسائل کی تفصیل اور ان کا مناسب تدارک / حل بیان کیجیے۔

حصہ B

1 x 20 = 20

نوٹ: (1) اس سکشن میں ایک سوال داخلی انتخاب پر مبنی ہے۔

(2) اس سوال کا جواب 2 صفحات یا 20 سطور سے زیادہ نہ ہو۔

(3) اس سوال کے 20 نمبرات مقرر ہیں۔

6. (الف) بڑھتی آبادی اور ماحولیاتی بگاڑ کے آپسی تعلق کا تنقیدی جائزہ موزوں حوالوں کی مدد سے پیش کیجیے۔

یا

(ب) ماحولیاتی نظام سے کیا مراد ہے؟ کسی ماحولیاتی نظام کے مختلف اجزاء کون کون سے ہوتے ہیں؟ ماحولیاتی نظام کے مختلف اجزاء قدرت میں کس طرح ایک متوازن ماحولیاتی نظام کی شکل میں پائے جاتے ہیں؟ (جب تک کہ اس نظام میں بیرونی مداخلت نہ ہو) تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

☆☆☆